اُردو (لازمی)	(1st A 325) انٹرمیڈیٹ پارٹ I (گیارہویں)	پرچہ: I	پہلا گروپ
وقت: 2:40 گھنٹے	انشائی	مارکس: 80	

حصّہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: (8+1+1 = 10)

i - جن کو انگریز کا قانون ہو ازبر اُن سے ..... اور سب پوچھ مگر شرع کے احکام نہ پوچھ

ii - ریڈیو میں بھی جو قرآں کی تلاوت نہ سنیں ..... اُن مسلمانوں کی اولاد کا، اسلام نہ پوچھ

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: (3+3+3+1 = 10)

i - سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو ..... وہی رہ گئی درمیاں آتے آتے

ii - مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے ..... چمن اڑ گیا آندھیاں آتے آتے

iii - نہیں کھیل اے داغ ! یاروں سے کہہ دو ..... کہ آتی ہے اردو زباں ، آتے آتے

حصّہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1 = 15)

(الف) قمر نے فلاسفروں کی سی سنجیدگی سے کہا "جنھیں خدا نے دل اور سمجھ دی ہے وہ آدمیوں کا لباس نہیں دیکھتے، ان کے منہ دیکھتے ہیں۔ آخر کچھ بات تو ہے کہ راجا صاحب نے مدعو کیا ہے۔ میں کوئی عہدے دار نہیں، زمیندار نہیں، جاگیردار نہیں، ٹھیکہ دار نہیں، معمولی ایک شاعر ہوں۔ شاعر کی قیمت اس کی نظمیں ہوتی ہیں۔ اس نقطۂ نگاہ سے مجھے کسی کے سامنے نادم ہونے کی ضرورت نہیں۔"

(ب) ہم اس دھرتی کا گز بنے اور بحرِ ظلمات میں گھوڑے دوڑا آئے لیکن ہمیں تو ہر چیز چپٹی ہی نظر آئی۔ دنیا سے زیادہ تو ہم خود گول ہیں کہ پیکنگ سے لڑھکے تو پیرس پہنچ گئے اور کوپن ہیگن سے پھسلے تو کولمبو میں آ کر رکے بلکہ جا کر تاپہنچ کر دم لیا۔ دنیا کے گول ہونے پر اصرار کرنے والوں کا کہنا ہے کہ یقین نہ ہو تو مشرق کی طرف سے جاؤ، چکر کاٹ کر مغرب کی طرف سے پھر اپنے تھان پر آ کر کھڑے ہو گے۔ اس میں ہمیں ہمیشہ ایک بدیہی خطرہ نظر آیا کہ کہیں گولائی کی طرف رینگتے ہوئے نیچے نہ گر پڑیں کیوں کہ ہم کوئی چھپکلی تھوڑا ہی ہیں۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 = 10)

(الف) ادیب کی عزت (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5 - اختر شیرانی کی نظم "برسات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - پہاڑی علاقے کی سیر کی روداد لکھیے۔ (10)

یا

دو دوستوں کے درمیان نظامِ امتحان کی خرابیوں پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

7 - تعلیمی بورڈ کے چیئرمین کے نام سند کے اجرا کے لیے درخواست لکھیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2 = 10)

ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے جو نمونہ مستقل طور پر رہتا ہے وہ اس کی ماں ہے۔ سو معلموں کے برابر ایک اچھی ماں ہوتی ہے۔ گھر عورت کی سلطنت ہوتا ہے۔ اس میں سارے احکام اسی کے چلتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی ننھی مُنّی رعیت پر حکم نافذ کرتی ہے۔ ہر چیز کے لیے بچے اپنی آنکھوں کو اسی کی طرف لگائے رکھتے ہیں۔ ہر وقت ان کے روبرو وہی مثال اور نمونہ ہے جس کی وہ پیروی کرتے ہیں اور نقل اتارتے ہیں۔ اسی واسطے بچوں کے چال چلن اور طور طریقوں پر ماں کا اثر بہ نسبت باپ کے زیادہ ہوتا ہے۔ گھروں میں ماں کا ہونا ایک بڑی نعمت ہے۔

رول نمبر امیدوار : ____________

اُردو (لازمی)	(1st A 325-II) انٹرمیڈیٹ پارٹ I (گیارہویں)	پرچہ: I	دوسرا گروپ
وقت: 20 منٹ	Code: 6024 معروضی	مارکس: 20	

سوال نمبر 1	ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	غصے میں مجھ سے ضبط نہیں ______ ۔	ہوتی	ہوتے	ہوتا	ہوئی
2	دس روپے ______ دہی لاؤ۔	کی	کا	کے	کو
3	______ قلم بہت قیمتی ہے۔	میرا	میری	میرے	اپنی
4	الفاظ کا حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی میں استعمال کہلاتا ہے	تشبیہ	استعارہ	تلمیح	قافیہ
5	''اس کنویں کا پانی شہد کی طرح میٹھا ہے۔'' یہ جملہ ہے	تشبیہ	استعارہ	تلمیح	اِن میں سے کوئی بھی نہیں
6	ردیف کے لفظ/الفاظ آتے ہیں	بغیر تبدیلی کے	بدل بدل کر	قافیے سے پہلے	مطلع سے پہلے
7	قواعد کے رو سے مقطع ہے	اسم	ضمیر	ظرف زماں	ظرف مکاں
8	''دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا ... وہ تیری یاد تھی اب یاد آیا''، اصطلاح میں یہ شعر ہے	مطلع	مقطع	مطلع ثانی	حسن مطلع
9	بیگم وجیہہ ہاشمی رہنے والی تھیں	اسلام آباد کی	راولپنڈی کی	لاہور کی	کراچی کی
10	دہلی کے راستے وارد ہونے والے حملہ آور کہلاتے ہیں	اہلِ زبان	اہلِ سیف	اہلِ دل	ادیب
11	اس نے مجھ کو دغا ______ ۔	دیا	دی	دیئے	دیں
12	ہجوم نعرے لگا ______ ۔	رہے تھے	رہی تھی	رہا تھا	رہی تھیں
13	''صنم آخر خدا نہیں ہوتا'' اس مصرع میں ''صنم'' ہے	مشبہ	مستعار لہ	مستعار منہ	وجہ جامع
14	''تشبیہ'' کا لغوی معنی ہے	برابر قرار دینا	مانند قرار دینا	مختلف قرار دینا	ہم معنی قرار دینا
15	قافیہ کی بنیادی شرط ہے	ہم معنی الفاظ	ہم آواز الفاظ	ہم ردیف	ہم مرتبہ الفاظ
16	درج ذیل میں سے کون سی تلمیح نہیں ہے	صبر ایوب	دمِ عیسیٰ	حسین چہرہ	آتش نمرود
17	علامہ اقبالؒ نے دانت کے درد کی وجہ بتائی	میٹھا کھانا	کیڑا لگنا	ٹوٹ جانا	ترشی کا زیادہ استعمال
18	قریب ہی ایک درخت پر رہتا تھا	چیلوں کا جوڑا	گدھوں کا جوڑا	کوّوں کا جوڑا	فاختاؤں کا جوڑا
19	مرغ کی آواز اور جسامت میں تناسب ہے	ایک اور دو کا	ایک اور تین کا	ایک اور چالیس کا	ایک اور سو کا
20	مطلع کے دونوں مصرعوں کا ہونا ضروری ہے	برابر	مخالف	ہم قافیہ	مختلف

اُردو (لازمی)	(1st A 325) انٹرمیڈیٹ پارٹ I (گیارہویں)	پرچہ: I	دوسرا گروپ
وقت: 2:40 گھنٹے	انشائی	مارکس: 80	

حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: (8+1+1 = 10)

i - کردار کا یہ حال، صداقت ہی صداقت ..... اخلاق کا یہ رنگ کہ قرآں ہی قرآں

ii - کیا نام ہے، شامل جو ہے تکبیر واذاں میں ..... اس نام کی عظمت کے ہیں قربان، دل و جاں

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے: (3+3+3+1 = 10)

i - یہ آرزو تھی، تجھے گل کے رُوبہ رُو کرتے ..... ہم اور بلبلِ بے تاب، گفتگو کرتے

ii - پیام بر نہ میسر ہُوا، تو خُوب ہُوا ..... زبانِ غیر سے کیا شرح آرزو کرتے

iii - مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ ..... کسی حبیب کی، یہ بھی ہیں جستجو کرتے

حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۔ (10+3+1+1 = 15)

(الف) قمر اپنے اوپر جھنجھلا رہے تھے۔ دعوتی کارڈ پا کر وہ پھولے نہ سمائے تھے لیکن یہاں آکر ان کی جس قدر تذلیل ہوئی اس کو دیکھ کر اپنا اطمینان کا جھونپڑا جنت سے کم نہ تھا۔ انھوں نے اپنے آپ کو طعن کی: "تمھارے جیسے عزت کے ہوس مندوں کی یہی سزا ہے۔ اب تو آنکھیں کھلیں کہ تم کتنی عزت کے مستحق ہو۔ تم خود اس غرض مند دنیا میں کسی کے کام نہیں آسکتے۔ وکیل تمھارا احترام کیوں کریں؟

(ب) بہم رسانیِ آب وہوا کے لیے ایک اسکیم عرصے سے کمیٹی کے زیرِ غور ہے۔ یہ اسکیم نظام سقّے کے وقت سے چلی آتی ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ نظام سقّے کے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے اہم مسوّدات بعض تو تلف ہو چکے ہیں اور جو باقی ہیں ان کے پڑھنے میں بہت دِقّت پیش آرہی ہے۔ اس لیے ممکن ہے کہ تحقیق وتدقیق میں ابھی چند سال اور لگ جائیں۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 = 10)

(الف) اوور کوٹ (ب) دوستی کا پھل

5 - نظیر اکبر آبادی کی نظم "تسلیم ورضا" کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

6 - دو دوستوں کے درمیان کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کے فوائد کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ (10)

یا

اپنے کالج میں "انسدادِ منشیات تقریب" کی روداد تحریر کیجیے۔

7 - پرنسپل کے نام تفریحی سفر کی اجازت طلب کرنے کے لیے درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8 - درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2 = 10)

پاکستان میں کتاب میلوں کی روایت روز بروز مضبوط ہو رہی ہے۔ پہلے وطنِ عزیز کے بڑے شہروں میں کتاب میلے منعقد ہوتے تھے، لیکن اب چھوٹے چھوٹے شہروں میں بھی کتاب میلے منعقد ہونے لگے ہیں۔ ان میلوں میں روزانہ لاکھوں کروڑوں روپوں کی کتابیں فروخت ہوتی ہیں۔ ان میلوں نے یہ بات غلط ثابت کر دی ہے کہ لوگ کتاب نہیں پڑھتے۔ اگر لوگ کتاب نہیں پڑھتے تو اتنی بڑی تعداد میں کتابیں فروخت کیوں ہو رہی ہیں؟